# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اردو نظم: فکری و فنی مطالعہ (9018) — سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

6- آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

سوال 1- اردو نظم کے مختلف رجحانات کے حوالے سے اظہار خیال کیجیے۔ (20)

سوال 2- نظیر کی شاعری واقعیت اور حقیقت نگاری کی آئینہ دار ہے۔ اظہار خیال کیجیے۔ (20)

سوال 3- محمد حسین آزاد کے لیکچر اور انجمن پنجاب کے مشاعروں نے جدید اردو نظم کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔ بحث کیجیے۔ (20)

سوال 4- نظم "بنجارہ نامہ" کا فکری وفنی جائزہ لیجیے۔ (20)

سوال 5- مسلم نشاۃ الثانیہ کے حوالے سے حالی کی نظم نگاری کا جائزہ لیجیے۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

سوال 1- راشد نے اپنی شاعری میں جس نئے آدمی کا خواب یا تصور پیش کیا ہے۔ اس کے بارے میں اظہار خیال کیجیے۔ (20)

سوال 2- فیض کی شاعری نظریاتی ہوتے ہوئے بھی اپنے جوہر کے اعتبار سے رومانوی ہے۔ تائید یا تردید کیجیے۔ (20)

سوال 3- موضوعاتی اور ہیئتی تنوع نے مجید امجد کی نظم کو ایک ارفع مقام عطا کیا ہے، آپ کی کیا رائے ہے؟ (20)

سوال 4- م منیر نیازی کی نظم، لاشعور اور عصری حسیت سے مملو تمثالوں کی پیش کش ہے، بحث کیجیے۔ (20)

سوال 5- افضال احمد سید کی نظم، عصری سیاسی منظر نامے کا آئینہ ہے، بحث کیجیے۔ (20)